**Shabbir / Fazil**

**17-01-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی، آج مغربی بنگال میں ہاوڑہ اور گواہاٹی کے درمیان، مالدہ ضلعے سے، ملک کی پہلی وندے بھارت سلیپر ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ وہ تین ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت والے کئی ریل اور سڑک پروجیکٹوں کا بھی آغاز کریں گے۔

☆ بھارت اور جاپان نے AI ڈائیلاگ کا آغاز، اور اہم معدنیات پر مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان شراکت داری کے تحت، عالمی معیشت کو درپیش خطرات کو ختم کرنے کے زبردست امکانات موجود ہیں۔

☆ ED نے، الفلاح یونیورسٹی کے چانسلر اور دیگر کے خلاف، کالے دھن کو جائز بنانے کے الزامات کے تحت فردِ جرم داخل کی ہے۔ اُس نے 140 کروڑ روپے مالیت کے اثاثوں کو ضبط کیا ہے، جن کا تعلق اِس گروپ سے ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، گرین لینڈ پر، امریکی دعوے کی مخالفت کرنے والے ملکوں پر، محصولات عائد کرنے کی دھمکی دی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں آج دوپہر زمبابوے میں، Bulawayo میں مردوں کے، 19 سال تک کی عمر والے، ODI عالمی کپ کے، گروپ A کے دوسرے میچ میں، بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Vande Bharat Sleeper

وزیراعظم نریندر مودی، مالدہ ٹاؤن ریلوے اسٹیشن پر، ہاوڑہ اور گواہاٹی کامَکھیا کے درمیان، بھارت کی پہلی وندے بھارت سلیپر ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ یہ ٹرین پوری طرح ایئرکنڈیشنڈ ہے اور مسافر اِس میں کفایتی شرحوں پر ہوائی جہاز جیسا سفر کرسکیں گے۔ اِس ٹرین کی وجہ سے لمبی دوری کا سفر تیز تر، محفوظ تر اور سہولت آمیز ہو جائے گا۔ اِس ٹرین میں جدید انداز کے 16 ڈبے ہیں، جن میں 823 مسافروں کی گنجائش ہے۔

VC: Dipendra

وندے بھارت ایکسپریس کا سلیپر ورژن شروع کئے جانے سے بھارت میں عام مسافروں کیلئے، لمبی دوری کی ٹرین اب تیز تر، محفوظ تر اور مزید آرام دہ ہوجائے گی۔ ہاوڑہ-گواہاٹی راستہ ملک میں سب سے زیادہ اہم ریل راہ داریوں میں سے ایک ہے، جہاں سے روزانہ لاکھوں مسافر گزرتے ہیں۔ کالی گھاٹ اور کامَکھیا دیوی جیسے بڑے مندروں تک پہنچنا اب سہولت آمیز ہوجائے گا۔ اِس ٹرین سے ہاوڑہ-گواہاٹی راستے کے سفر میں بھی خاطر خواہ کمی آجائے گی۔ سرائی گھاٹ ایکسپریس، ہاوڑہ اور گواہاٹی کے درمیان 17 گھنٹے کا سفر طے کرتی ہے، جبکہ وندے بھارت سلیپر یہ راستہ 14 گھنٹے میں طے کرلے گی۔×

دیپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

وزیراعظم مودی، مغربی بنگال میں چار بڑے ریلوے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔

اِن میں بالُرگھاٹ اور ہِلی کے درمیان نئی ریل لائن، نیو جلپائی گُڑی میں اگلے دور کا، مال برداری کی دیکھ بھال کا مرکز، سِلی گُڑی Loco Shed کی جدید کاری اور وندے بھارت ٹرین کی دیکھ بھال کا، تجدید شدہ مرکز بھی شامل ہے۔

جناب مودی، مالدہ میں چار نئی امرت بھارت ایکسپریس گاڑیوں کو بھی ورچوئل وسیلے سے جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

وزیراعظم، شام کو Bagurumba Dwhou 2026 میں شرکت کریں گے، جو آسام کے شہر گواہاٹی میں بودو سماج کی مالامال وراثت کا جشن منانے والی ایک تاریخی ثقافتی تقریب ہے۔ اِس موقع پر بودو سماج کے دس ہزار سے زیادہ فنکار Bagurumba رقص پیش کریں گے۔×

Rev.MEA Iran

بھارت اور جاپان نے دونوں ملکوں کے درمیان 18ویں دفاعی مذاکرات کے دوران مصنوعی ذہانت AI اور اہم معدنیات کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو آگے بڑھانے کے نئے اقدامات کئے ہیں۔ کل نئی دِلی میں ایک پریس کانفرنس

سے خطاب کرتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور جاپان کے اُن کے ہم منصب Toshimitsu Motegi نے قومی راجدانی میں منعقدہ اِن مذاکرات میں شرکت کی۔ جناب جیسوال نے کہا کہ اِس میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے ایک نئے AI ڈائیلاگ کا آغاز کیا اور اہم معدنیات سے متعلق ایک مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے کا فیصلہ کیا، تاکہ کمیاب معدنیات کے میدان میں تعاون کو آگے بڑھایا جاسکے۔

اُنہوں نے یہ بھی کہاکہ بھارت اور جاپان، معاشی یقین دہانی کے میدان میں سرکاری و نجی تعاون میں اضافے کیلئے، پرائیویٹ شعبے کے مذاکرات کا انعقاد کرے گا۔

ترجمان نے بتایاکہ دن کے شروع میں جاپان کے وزیرخارجہ نے، وزیرِاعظم سے خیرسگالی کے طور پر ملاقات کی۔ وہ بھارت کے تین روزہ دورے پر ہیں۔

اِسی دوران 18ویں بھارت-جاپان دفاعی مذاکرات میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ بھارت اور جاپان میں، عالمی نظام کو شکل دینے اور بین الاقوامی معیشت کو درپیش خطرات کو ختم کرنے کی زبردست صلاحیت موجود ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ بھارت اور جاپان کے درمیان خصوصی دفاعی اور عالمی شراکت داری میں لگاتار اضافہ ہورہا ہے۔

نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ بھارت، ایران میں جاری صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً 9 ہزار بھارتی شہری، جن میں زیادہ تر طلبا ہیں، فی الحال ایران میں رہ رہے ہیں۔ جناب جیسوال نے کہاکہ حالیہ دنوں میں، ایران کی صورتحال پر غور کرتے ہوئے وزارت نے کچھ ہدایتیں جاری کی ہیں، جن میں بھارتی افراد سے کہا گیا ہے کہ وہ ایران کا سفر کرنے سے گریز کریں اور جو لوگ مغربی ایشیائی ملکوں میں ہیں، اُنہیں واپس آنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

چاہ بہار بندرگاہ کے بارے میں جناب جیسوال نے کہا کہ پچھلے سال اکتوبر میں امریکہ کے محکمہ خزانہ نے ایک خط جاری کیا تھا، جس میں بندشوں کو کچھ شرطوں کے ساتھ ہٹانے کے بارے میں رہنمائی کا خاکہ پیش کیا تھا۔ اِس پیشکش کی مدت اِس سال 26 اپریل تک ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ بھارت، اِس سلسلے میں کوئی بندوبست کرنے کیلئے امریکہ کے ساتھ سرگرم ہے۔

اِسی دوران بہت سے بھارتی شہری، خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران کُل رات ایران سے نئی دِلی پہنچے ہیں۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ایک بھارتی شہری نے، ایران سے واپس آنے میں، مدد اور تعاون کرنے پر حکومت کا شکریہ ادا کیا۔

SB: Indian Arrival

ED Al Falah

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے الفلاح یونیورسٹی کے مینجنگ ٹرسٹی اور چانسلر جواد احمد صدیقی اور دیگر کے خلاف ایک شکایت درج کی ہے۔ یہ شکایت کالے دھن کو جائز بنانے کے قانون کی روک تھام PMLA-2002 کے تحت درج کی گئی ہے۔

ایجنسی کی یہ تفتیش دِلی پولیس کی طرف سے درج کرائی گئی FIRs کی بنیاد پر کی جارہی ہے۔ یہ FIRs پچھلے سال دِلی میں لال قلعے کے نزدیک ایک کار بم دھماکے کے بعد درج کرائی گئی تھیں۔

ED نے بتایا کہ مبینہ جرائم سے ہونے والی آمدنی اور اِسے جائز بنانے کے سلسلے میں ملزم کے خلاف یہ شکایت، بااختیار PMLA عدالت میں داخل کی گئی ہے۔ اِس آمدنی کا تعلق الفلاح چیری ٹیبل ٹرسٹ، الفلاح یونیورسٹی اور اِس سے منسلک اداروں سے ہے۔

ED نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اُس نے تقریباً 140 کروڑ روپے مالیت کے اثاثوں کو عارضی طور پر ضبط کیا ہے۔ اِن اثاثوں کا تعلق ہریانہ میں قائم گروپ سے ہے۔x

ThemeVande Matram Republic Day

اس سال کرتویہ پتھ پر یومِ جمہوریہ کی تقریبات قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے اور بھارت کی فوجی طاقت اور ثقافتی تنوع کے انوکھے امتزاج کی حامل ہوں گی۔ کل نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے دفاعی سیکریٹری راجیش کمار سنگھ نے کہا کہ اِن تقریبات کے ذریعے قومی گیت اور آتم نربھر بھارت کو منفرد خراجِ عقیدت کا اظہار ہوگا۔

وزارتِ دفاع کے ایک بیان کے مطابق یوروپی کونسل کے صدر انٹونیو کوسٹا اور یوروپی کمیشن کے صدر Ursula Von Der Leyen یومِ جمہوریہ پریڈ کے مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ وزارت کے مطابق معاشرے کے سبھی طبقات سے وابستہ تقریباً 10 ہزار افراد کو خاص مہمانوں کے طور پر مدعو کیا گیاہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ بھارتی فوج اپنی مربوط صلاحیتوں کو پہلی مرتبہ مرحلہ وار جنگی صف بندی کے انداز میں پیش کرے گی۔

اس سال یومِ جمہوریہ پریڈ میں مسلح افواج کے 18 مارچنگ دستے، 13 ملٹری بینڈز اور فلائی پاسٹ میں 29 طیارے حصہ لے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں اور مختلف وزارتوں کی جانب سے آزادی، خود کفالت، ثقافت و ترقی سے متعلق موضوعات پر 30 جھانکیاں پیش کی جائیں گی۔x

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Shivang

یومِ جمہوریہ پریڈ 2026 کا موضوع وندے ماترم کے 150 برس ہے۔ پریڈ کے دوران 1923 میں تجیندر کمار مترا کی تخلیق کردہ، وندے ماترم کے الفاظ کی عکاسی کرتی ہوئے Paintings کے سلسلے کو کرتویہ پتھ پر View Cut کے طور پر دکھایا جائے گا۔

پیر کے روز سے 26 جنوری تک بھارتی بری فوج، بحری و فضائی افواج، بھارتی ساحلی محافظ دستے اور دیگر مرکزی مسلح پولیس فورسز ملک گیر بینڈ پرفارمنس پیش کریں گی۔ سواتنتر کا منتر۔ وندے ماترم اور سمردھی کا منتر۔آتم نربھر بھارت کے وسیع موضوعات کے تحت مختلف جھانکیاں بھی پیش کی جائیں گی۔ اس سال کرتویہ پتھ پر تقریباً 2 ہزار 500 ثقافتی فنکار یومِ تقریبات میں حصہ لیں گے۔ پریڈ کے اختتام پر وندے ماترم کی عکاسی کرتے ہوئے ایک Banner کی نقاب کشائی کی جائے گی۔

نئی دلی سے شوانگ مترا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

## Greenland US Trade Tariff

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اُن ملکوں پر تجارتی محصولات عائد کرنے کی دھمکی دی ہے، جو گرین لینڈ پر قبضہ کرنے کے، امریکہ کے منصوبے کے مخالف ہیں۔

وہائٹ ہاؤس میں ایک میٹنگ کے دوران صدر ٹرمپ نے کہا کہ گرین لینڈ کو، قطب شمالی میں، روس اور چین کی بڑھتی ہوئی موجودگی سے بچانا ضروری ہے۔

البتہ ڈنمارک اور گرین لینڈ میں اِس نیم خودمختار خطے کو فروخت کرنے کے، امریکی صدر کے مطالبے کو مسترد کردیا ہے اور نیٹو کے بہت سے اتحادی ملکوں نے خطے میں سکیورٹی کو مضبوط بنا کر ڈنمارک کی حمایت کی ہے۔

اِسی دوران روس نے کہا ہے کہ گرین لینڈ کو قبضے میں لینے کا اُس کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ اُس نے اِس معاملے پر مغربی ملکوں کی نکتہ چینی کی ہے۔×

## Poland Dy PM Visit

پولینڈ کے نائب وزیر اعظم اور امورِ خارجہ کے وزیر Radoslaw Sikorski آج سے بھارت کا تین روزہ دورہ کریں گے۔ کل جناب Sikorski راجستھان میں جے پور ادبی فیسٹول میں شرکت کریں گے۔ دورے کے آخری دن جناب Sikorski نئی دلی میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے ملاقات کریں گے۔×

BMC Poll Results

مہاراشٹر میں BJP نے 29 بلدیاتی اداروں میں ہوئے انتخابات میں زبردست جیت حاصل کی ہے۔ مہاراشٹر ریاستی انتخابی کمیشن نے اَب تک 29 بلدیاتی اداروں کی دو ہزار 869 سیٹوں میں سے دو ہزار 784 سیٹوں کے نتائج کا اعلان کیا ہے۔ BJP اب تک ایک ہزار 372 سیٹوں پر جیت حاصل کرکے واحد سب سے بڑی پارٹی کے طور پر ابھری ہے۔

BJP اور ایکناتھ شندے کی قیادت والی شیو سینا کے اتحاد نے Brihan ممبئی میونسپل کارپوریشن انتخابات میں 227 میں سے 118 سیٹیں جیت کر واضح اکثریت حاصل کی ہے۔ شیوسینا UBT ، MNS، اور NCP (SP) ، 72 سیٹیں ہی جیت سکی۔ غیر منقسم شیوسینا 25 سال سے میونسپل کارپوریشن میں حکمراں پارٹی تھی۔ وزیراعظم نریندر مودی نے عوام پر مرکوز حکمرانی کے NDA کے ایجنڈے کو اپنا آشیرواد دینے کیلئے مہاراشٹر کے لوگوں کا شکریہ ادا کیا۔x

CAQM GRAP 3RD

دلی میں ہوا کی خراب ہوتی ہوئی کوالٹی کے تناظر میں ہوا کے معیار کے بندوبست کے مشن نے پورے قومی راجدھانی خطے میں فوری طور سے GRAP مرحلہ تین نافذ کر دیا ہے۔ کل شام ہوا کی کوالٹی کا انڈیکس 354 ریکارڈ ہونے کے بعد یہ اقدام کیا گیا۔

متعلقہ بندشوں کے تحت سبھی تعمیراتی کاموں اور انہدامی کاروائیوں پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ اور BS-4 ڈیزل سے چلنے والی گاڑیوں پر راجدھانی میں داخل ہونے پر روک لگا دی گئی ہے۔ البتہ لازمی خدمات اور لازمی اشیاء لے جارہی گاڑیاں اس پابندی سے مستثنٰی رہیں گی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

J&K Winter Festival

جموں و کشمیر میں ڈوڈہ ضلع کے قدرتی اعتبار سے دلکش و خوبصورت قصبے بھدروا میں دو روزہ بھدروا سرمائی فیسٹول 2026 آج سے شروع ہو رہا ہے۔ بھدروا سرمائی میلے کا مقصد موسمِ سرما میں سیاحت کو فروغ دینا، خطے کے مالامال ثقافتی ورثے کو پیش کرنا اور پورے ملک سے سیاحوں کو راغب کرکے مقامی اقتصادی سرگرمیوں کو مستحکم کرنا ہے۔x

V/C Gulshan Raina

میلے میں برف پر مبنی سرگرمیاں، ثقافتی پروگرام، اور مقامی روایتیں پیش کی جائیں گی۔ فیسٹول کا مقصد بھدروا کو موسمِ سرما کے ابھرتے ہوئے سیاحتی مقام کے طور پر پیش کرنے کے ساتھ ساتھ مقامی کاریگروں، آرٹسٹوں اور سیاحت کے شعبے میں شامل افراد کے لئے روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ خوبصورت قدرتی مناظر سے مالامال بھدروا قصبے میں منعقد کیا جانے والا یہ فیسٹول توقع ہے کہ نہ صرف جموں و کشمیر بلکہ ملک و بیرونِ ملک کے سیاحوں کی توجہ کا مرکز بنے گا۔ فیسٹول میں مشہور ومعروف گلوکار جی-خان بھی سیاحوں کو اپنی مسحور کن آواز سے لطف اندوز کریں گے۔ اس موقع پر سیاحتی و مذہبی مقامات پر سیکیورٹی کا مربوط انتظام کیا گیا ہے۔

جموں سے این گلشن رینا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

## National Sports Srijan

جموں و کشمیر کے نوجوانوں سے متعلق خدمات اور کھیلوں کے ڈائریکٹریٹ کی طرف سے آج سے Srijan موضوع کے تحت جموں کے کنوینشن سینٹر میں پہلی جموں و کشمیر اسپورٹس کانفرنس کا اہتمام کیا جائے گا۔

اس دو روزہ کانفرنس کا مقصد کھیلوں سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانا، نوجوانوں کی شرکت کو فروغ دینا اور ''کھیلے گا بھارت کھلے گا بھارت'' جیسے قومی اقدامات کے ساتھ جموں و کشمیر کے کھیلوں کے ماحولیاتی نظام کو ہم آہنگ کرنا ہے۔ اس کانفرنس میں کھیلوں کے انتظام کار، پالیسی ساز، کوچز، ایتھلیٹس اور ماہرین شرکت کریں گے اور ابھرتے ہوئے رجحانات مہارت کی ترقی، بنیادی نظام کی توسیع اور کھیلوں کے پائیدار پلیٹ فارمس تیار کرنے پر تبادلۂ خیال کریں گے۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج اترپردیش اور اتراکھنڈ میں بہت گہرا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔IMD نے ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، بہار، مغربی بنگال، آسام، سکم اور میگھالیہ میں گہرا کہرا چھائے رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

IMD کے مطابق چھتیس گڑھ اور مشرقی مدھیہ پردیش میں شدید سردی پڑ سکتی ہے۔x

## Cricket

زمبابوے کے Bulawayo میں مردوں کے 19 سال سے کم عمر کے ODI عالمی کپ کے گروپ A کے دوسرے میچ میں بنگلہ دیش اور بھارت کے درمیان میچ ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے شروع ہوگا۔ بارش سے متاثر افتتاحی میچ میں بھارت نے DLS طریقہ استعمال کرتے ہوئے امریکہ کو 6 وکٹ سے ہرایا تھا۔x

Birla CSPOC

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کہا ہے کہ جمہوری ادارے تبھی مضبوط رہ سکتے ہیں اور اُن کی افادیت برقرار رہ سکتی ہے کہ جب اُن کا طرزِ عمل شفاف اور شمولیاتی ہو اور وہ لوگوں کے تیئں جوابدہ ہوں۔ جناب برلا کل کومن ویلتھ کے اسپیکرز اور پریزائڈنگ افسران کی سہ روزہ کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ یہ کانفرنس کل جمہوری اداروں کو لوگوں پر زیادہ سے زیادہ مرکوز بنانے کے نئے عزم کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

جناب برلا نے تمام مندوبین کی سرگرم شرکت، جوش و خروش اور تعمیری جذبے کی ستائش کی، جس نے اِس کانفرنس کو بامعنی اور یادگار بنا دیا۔ x

Vaishnaw Deep Tech Startup

الیکٹرونکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ سوچی سمجھی پالیسی اور مالی تعاون پر مبنی بھارت کا ڈیپ ٹیک اسٹارٹ اپ نظام میں وسعت پیدا ہو رہی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے بتایا کہ آج بھارت کے 80 فیصد اسٹارٹ اپ اے آئی پر مبنی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ انڈیا سیمی کنڈکٹر مشن کے تحت ڈیزائن سے منسلک ترغیباتی اسکیم میں اب تک 23 اسٹارٹ اپ کو مدد فراہم کی ہے۔×

Fertilizers

مرکزی حکومت نے سال 2024-25 کے دوران، کسانوں کیلئے کیمیاوی کھادوں کی ریکارڈ دستیابی کو یقینی بنایا ہے، تاکہ زراعت سے متعلق ضرورتوں کو بروقت پورا کیا جاسکے۔

کیمیاوی مادوں اور کیمیاوی کھادوں کی وزارت نے بتایا کہ کیمیاوی کھادوں کی تقریباً 152 کروڑ 50 لاکھ بوریوں کی، قومی ضرورت کے ایک اندازے کے مطابق، حکومت نے تقریباً 176 کروڑ 79 بوریوں کی دستیابی کو یقینی بنایا ہے۔

وزارت نے بتایا کہ اِس اضافی دستیابی سے، پورے ملک میں کسانوں کی مدد اور بلارکاوٹ زرعی سرگرمیوں کو برقرار رکھنے کے حکومت کے پختہ عزم کا اظہار ہوتا ہے۔×

SC TMC MLA

سپریم کورٹ نے، کلکتہ ہائی کورٹ کے اُس حکم پر روک لگا دی ہے، جس میں آزمودہ کار لیڈر مُکل رائے کو، مغربی بنگال کے MLA کے طور پر نااہل قرار دیا گیا تھا۔ کلکتہ ہائی کورٹ نے اُنہیں BJP کو چھوڑ کر برسراقتدار ترنمول کانگریس میں شامل ہونے پر، نااہل قرار دیا تھا۔

چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس Joymalya Bagchi پر مشتمل ایک بنچ نے، ہائی کورٹ کے اِس فیصلے پر روک لگائی ہے اور Roy کے بیٹے سُبھرانشو Roy کی طرف سے داخل کردہ ایک درخواست پر نوٹس جاری کیا ہے۔ اِس درخواست میں مُکل رائے کو نااہل قرار دیئے جانے کو چیلنج کیا گیا ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر
شکریہ -شبانہ بیگم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے مہاراشٹر بلدیاتی انتخابات کے نتائج سے متعلق خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ کی شہ سرخی ہے: مہاراشٹر بلدیاتی چناؤ میں چلا مودی میجک، بی جے پی کی تاریخی جیت۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اسٹارٹ اپ انڈیا کے قومی دن کے موقع پر کہا: بھارت میں دنیا کا تیسرا سب سے بڑا اسٹارٹ اپ ماحولیاتی نظام ہے۔ وزیر اعظم کے اس بیان کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس، پرتاپ کے علاوہ دیگر اخبارات نے بھی نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔

بھارت اور جرمنی کے درمیان ٹیلی مواصلات کے شعبے میں مشترکہ اعلامیے پر دستخط۔ اس خبر کو پرتاپ نے اپنے صفحۂ اوّل پر جگہ دی ہے۔

یومِ جمہوریہ کی تیاریوں کیلئے بین ریاستی پولیس میٹنگ سے متعلق خبر کو انقلاب نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ الفلاح گروپ کے 140 کروڑ کے اثاثے ضبط کیے جانے کی خبر کو ہندوستان ایکس پریس اور کچھ دیگر اخبارات نے اپنے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

مغربی بنگال، گوا، لکشدیپ، راجستھان اور پڈوچیری کیلئے ایس آئی آر کی مدت میں توسیع سے متعلق خبر کو بھی اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

*اس کے علاوہ آج کے اخبارات میں شائع ہونے والی چند اہم بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اس طرح ہیں:*

☆ وینزویلا کی اپوزیشن رہنما نے اپنا نوبیل امن انعام امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو پیش کیا۔

☆ سعودی عرب میں 4 مقامات پر سونے کے بڑے ذخائر دریافت

☆ ٹرمپ کا غزہ میں امن کونسل کے قیام اور جامع منصوبے کا اعلان۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ وزیراعظم نریندر مودی، آج مغربی بنگال میں ہاؤڑہ اور گواہاٹی کے درمیان، مالدہ ضلعے سے، ملک کی پہلی وندے بھارت سلیپر ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ وہ تین ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت والے کئی ریل اور سڑک پروجیکٹوں کا بھی آغاز کریں گے۔

☆ بھارت اور جاپان نے AI ڈائیلاگ کا آغاز، اور اہم معدنیات پر مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان شراکت داری کے تحت، عالمی معیشت کو درپیش خطرات کو ختم کرنے کے زبردست امکانات موجود ہیں۔

☆ ED نے، الفلاح یونیورسٹی کے چانسلر اور دیگر کے خلاف، کالے دھن کو جائز بنانے کے الزامات کے تحت فردِ جرم داخل کی ہے۔ اُس نے 140 کروڑ روپے مالیت کے اثاثوں کو ضبط کیا ہے، جن کا تعلق اِس گروپ سے ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، گرین لینڈ پر، امریکی دعوے کی مخالفت کرنے والے ملکوں پر، محصولات عائد کرنے کی دھمکی دی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں آج دوپہر زمبابوے میں، Bulawayo میں مردوں کے، 19 سال تک کی عمر والے، ODI عالمی کپ کے، گروپ A کے دوسرے میچ میں، بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔